23/02/2026 12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اشفاق امین

من کی بات

آکاشوانی پر من کی بات کے اپنے ماہ وار ریڈیو پروگرام میں عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کر اور آن لائن ہونے والی مالی بے ضابطگیوں کے معاملے Arrestتے ہوئے وزیر اعظم نے ڈیجیٹل پر بھی اپنی بصیرت کا اشتراک کیا۔ انہوننے اسطرح کی دھاندلی سے بچنے کےلئے عوام کو شیئر کر تے وقت انتہائی زیادہ ہوشیار اور چوکس OTPاور کسی کے ساتھ eKYC مشورہ دیا کہ وہ رہیں۔ انہوننے امیدظاہر کی کہ طلباءبغیر کسی تناؤکے پورے دل سے امتحان کی تیاری کر رہے ہوں گے۔وزیر اعظم نے اس بات کو پھر دہرایا کہ طلباءکی قابلیت ان کے نمبرات طے نہیں ہوتے ۔ ماہ رمضان اور آنے والے ہولی کے تہوار کی مبارکباد پیش کر تے ہوئے لوگوں کو تہواروں کے دوران ووکل فار لوکل کا منتر ذہن میں رکھنے کی یاد دہانی کرائی۔

مجسمہ

آج نئی دلی میں راشٹریہ پتی بھون میں راجہ جی اُتسو منایاجارہا۔ من کی بات پروگروام میں وزیر کے Edwin-Lutyensاعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ راشٹرپتی بھون میں برطانوی آرکیٹیکٹ مجسمے کی جگہ آزاد بھارت کے پہلے بھارتی گورنر جنرل سی راج گوپالا چاری کا مجسمہ نصب کیا جائے گا۔

رانا

سرحدی اور دور دراز علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے ۔ان باتوں کااظہار وزیر برائے جل شکتی ، جنگلات و ماحولیات جاوید احمد رانا نے مینڈھر میں تعمیرات عامہ کی جانب سے جاری ترقیاتی کاموں کی پیشرفت کا ورچول میٹنگ کی صدارت کرنے کے دوران کیا۔ انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ تعمیراتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کریں تاکہ عوامی مسائل کو موثر طریقے سے حل کیاجا سکے۔

کھیلو انڈیا

شہرہ

ءٓ آفاق سیاحتی مرکز گلمرگ میں آج سے کھیلو انڈیاسرمائی کھیلوں کاآغاز ہو رہاہے یہ ان کھیل مقابلوں کا چھٹا شمارہ ہے اور آج سے 26فروری تک جاری رہنے والے ان کھیل مقابلوں میں ملک بھر کی 24ریاستوں کی ایک ہزار کھلاڑی اور معاون عملہ حصہ لے رہے ہیں۔ دریں اثنار جے کے سپورٹس کونسل کی سیکرٹری نزہت گل نے کل ایک میٹنگ کے دوران ان کھیل مقابلوں کیلئے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔جموں کشمیر سپورٹس کونسل کھیل کود اور نوجوانوں کے امور کی مرکزی وزارت نیز سپورٹس اتھارٹی آف انڈیا کے اشتراک سے ان مقابلوں کاانعقاد کر رہا ہے ۔ان کھیلونمیں Snow Boarding, Nordic Sking, Alpine Sking اور Ski Mounteneering کے مقابلے منعقد کئے جا رہے ہیں۔

ڈلو

کوئی بھی قوم اپنے بچونپرنتیجہ خیز سرمایہ کاری کے بغیر پائیدار ترقی کا خواب دیکھ نہیں سکتی ہے ۔ان باتوں کا اظہار چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں مینمحکمہ سماجی بہبود کی طرف سے تعلیم اور ابتدائی بچپن کی دیکھ بھال کیلئے مجوزہ مداخلت کا جائزہ لینے کی غرض سے بلائی گئی ایک میٹنگ کے دوران کیا۔ اس موقعے پر چیف سیکریٹری نے آنگن واڑی مراکز کو متحرک کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے بچوں کوایک خوشحال کل کی ضمانت اور کسی بھی قوم کی حقیقی دولت قرار دیا۔

مذمت

بھار ت نے افغان علاقوں پر پاکستان کی جانب سے کئے گئے فضائی حملونکی سخت مذمت کی ہے ۔رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں کئے گئے ان حملوں میں خواتین اور بچوں سمیت کئی شہری ہلاک ہوئے ۔ اس بارے میں میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے بھارت کے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا ہے کہ پاکستان کی اپنی داخلی ناکامیوں کوخارجی معاملات سے منسوب کرنے کی ایک اور کوشش ہے۔انہوں نے افغانستان کی خودمختاری ، علاقائی سالمیت اور آزادی کے تئینبھارت کی حمایت کااعادہ کیا۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا نمبر9419678060 ہے ۔ اس بارے میں ACB کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

-----S.K Pathak-----

شہر شہر منظر

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ